# ووٹ ڈالو!

نیویارک کے پاکستانی امریکیوں کے لئے  ووٹنگ گائیڈ

خزاں 2020

## ا — میں ووٹ کیوں ڈالوں؟

اگر آپ امریکی سٹیزن ہیں، انتخابات میں ووٹ ڈالنا آپ کا آئینی حق اور ذمے داری ہے۔ موجودہ کرونا وبا، اقتصادی بے اطمینانی اور ملکی انتشار کی وجہ سے یہ الیکشن انتہائی اہم ہے۔ آپ کے ووٹ داخلی اور برِ صغیر کے متعلق خارجی پالیسی پر بہت موثر ہوں گے ۔ پاکستانی امریکیوں کے لیے ووٹ ڈالنے کی یہ کئی وجوہات ہیں ۔

### ۱. پالیسی میں تبدیلیاں مقامی انتخابات سے آتی ہیں

زندگی کی قدریں اور اس کے میعار انتخاب کرنے کا حق آپ کے پاس ہے۔ ووٹ ڈالنے سے آپ ان مسائل پر آواز اٹھا سکتے ہیں جن کی فکر آپ کو ہوگی مثلا پبلک ٹرانسپورٹ کی ترقی، تنخواہ (بالخصوص مینیمم ویج) میں اضافہ، مزدوروں کی قانونی حفاظت، اور مقامی اسکولوں کی فنڈنگ۔ ملک بھر میں اور خاص شہر نیو یارک میں ان مسائل کا حل مقامی سطح پر ممکن ہے۔ یہ آپ ہی کی زندگی ہے لہذا وقت نکالیں اور فیصلہ کریں کہ آپ کے معاشرے کے لیے فائدہ مند کیا ہے ۔

### ۲. ٹیکس کی منزلِ مقصود انتخاب کرنا آپ کا حق ہے

کیا آپ جانتے ہیں کہ آپ کی مقامی، ریاستی اور وفاقی حکومتیں آپ کا ٹیکس کیسے استعمال کرتی ہیں؟ بہت سو کو علم نہیں ہے۔ ووٹ ڈالنے سے آپ فیصلہ کر سکتے ہیں کہ ٹیکس کس طرح خرچ کیا جائے مثلا ہیلتھ کیر اور دیگر سماجی منصوبوں کے لیے۔ ہم خیال امیدواروں کے لیے ووٹ ڈالنے سے آپ اپنے اور ملک بھر کے ٹیکس سنبھالنے والوں کو متوجہ کر سکتے ہیں ۔

### ۳. منتخب سرکاری افسروں کا پاکستانی امریکی مسئلوں سے آگاہ ہونا

نیو یارک امیدواروں کی اکثریت ہمارے معاشرے کے مسئلوں سے واقف نہیں ہے۔ اگر پاکستانی امریکی بڑی تعداد میں ووٹ ڈالیں تو سرکاری افسر ہمارے تقاضوں سے اور ہمارے خیالات سے واقف ہو جائیں گے ۔

### ۴.  پا لیسیوں کی تبدیلی

پرچی پر "Proposals, Questions, and Referenda" کے لیے ووٹ ڈالنے سے نیو یارک کے ووٹر ریاستی آئین، قانون اور ریاستی خرچ کو بدل سکتے ہیں ۔

حوالہ جات:

https://vote.nyc/page/nyc-elections

https://www.altamed.org/articles/5-reasons-why-you-should-vote



**ڈاک کے ذریعہ ووٹ ڈالنے کے لئے 27 اکتوبر 2020 تک پوسٹ بیلٹ کی درخواست کریں۔**

# ب — میں کن عہدوں اور قوانین کے لیے ووٹ ڈال سکتی ہوں؟

## پرائمری اور جنرل انتخابات

پرائمری انتخابات سیاسی تنظیموں کے رجسٹرڈ اراکین کے لیے ہیں جن میں وہ سیاسی تنظیمیں جنرل انتخابات میں لڑنے والے امیدواروں کا انتخاب کرتے ہیں۔ نیو یارک کے پرائمری انتخابات "کلوزڈ" ہیں یعنی صرف رجسٹرڈ اراکین ووٹ ڈال سکتے ہیں۔

جنرل انتخابات سرکاری افسروں کا انتخاب ہے۔ پرچی پر سیاسی تنظیموں کے امیدوار درج ہیں۔

## نیو یارک شہر کی پرچیوں پر سرکاری عہدے

نوٹ: اس سال ان تمام افسروں کے لیے ووٹ نہیں ڈالے جائیں گے مگر ان افسروں اور ان کے فرائض سے واقف ہونا چاہیے۔

### وفاقی

صدر اور نائب صدر: ملک اور حکومت کے صدر اور ان کے نائب۔ صدر اس ملک کے قوانین کو عمل در آمد کرتے ہیں۔
سینیٹر: مجلس کے ایوانِ بالا کے رکن۔ ہر ریاست سے دو سینیٹر ہوتے ہیں۔
ریپریسنٹیٹیو: مجلس کے ایوانِ زیریں کے رکن، کل ۴۳۵ اراکین۔

### ریاستی

گورنر اور نائب گورنر: نیو یارک کے مسودہ قوانین کو قانون بناتے ہیں اور دیگر ریاستی افسروں کو مقرر کرتے ہیں۔
اٹارنی جنرل: ریاست کے قانونی افسر جو ریاستی حکومت اور شہریوں کی عدالت میں نمائندگی کرتے ہیں۔
کمپٹرولر: ریاستی خزانچی
ریاستی سینیٹر: نیو یارک قانون کے مسودے تیار کرتے ہیں۔
ریاستی اسمبلی: ریاستی ایوانِ زیریں کے اراکین

### شہر/ بلدیاتی

میئر آف نیو یارک سٹی: چالیس ایجنسیوں اور دیگر بلدیاتی انتظامیوں کی سرگرمیوں کی نگہداشت کرنا مثلاً ہاؤسنگ اتھارٹی، مزدوروں کے قانونی حقوق اور شہر کا بجٹ کی نگہداشت۔[1]
پبلک ایڈووکیٹ: نیو یارک سٹی کونسل کا رکن جو مسودہ قوانین کا آغاز کرتا ہے۔ شہر کی ایجنسیوں کی نگرانی۔[2]
کمپٹرولر: بلدیاتی خزانچی[3]
قصبہ (بلدیاتی) صدر: میئر کو خرچ/صرف اور قوانین کی تجاویز دیتے ہیں۔ بلدیاتی نمائندوں کو مقرر کرتے ہیں اور بلدیاتی مسئلوں کا حل نکالتے ہیں۔[4]
سٹی کونسل کے اراکین: پانچوں بلدیات (قصبہ) کے ۵۱ کونسلی اضلع کی نمائندگی۔ شہر کے متعلق تمام مسودہ قوانین پر ووٹ ڈالتے ہیں، بجٹ کے متعلق میئر سے مذاکرات کرتے ہیں اور سٹی کی ایجنسیوں کی نگرانی کرتے ہیں۔ شہر کی ترقی اور حلقہ بندی میں سرگرم۔[5]

### عدالتی

ریاستی سپریم کورٹ جج: ریاست میں سب سے بلند عدالت جن کے فیصلے حتمی ہوتے ہیں۔[6]
سروگیٹ جج: سروگیٹ عدالت جائداد اور وصیتوں کے متعلق تمام مقدمے سنتی ہے۔[7]
سول کورٹ جج: نیو یارک شہر کا سول کورٹ تمام مقدمے سنتا ہے جن میں ۲۵۰۰۰ ڈالر سے بڑھ کر دعویٰ کیا گیا ہے، کچھ مقدمے جہاں ۵ ہزار تک کے دعوے ہوں، اور مالک مکان-کرایہ دار کے دعوے۔[8]
ڈسٹرکٹ اٹارنی: مقامی ایریا (عموما ایک کاؤنٹی) کے مدعی کا وکیل۔[9]

### سیاسی تنظیموں سے ماورا

نیو یارک میں غیر معمولی انتخابات ان موقعوں پر منعقد ہوتے ہیں جب استعفیٰ، موت یا معزولی کی وجہ سے سرکاری عہدے خالی ہو جائیں۔

# پ — ۲۰۲۰ کی رائے پرچی (بیلٹ) پر کیا ہوگا؟

اگلے جنرل انتخابات میں نیو یارک کی رائے پرچیوں پر یہ امیدوار موجود ہوں گے۔

۱۔ صدر اور نائب صدر
۲۔ ریپریسنٹیٹیو
۳۔ سینیٹر
۴۔ ریاستی اسمبلی کا رکن
۵۔ سپریم کورٹ سکنڈ ڈسٹرکٹ جسٹس — چھ ووٹ
۶۔ سول کورٹ جج

بیلٹ کی ہدایات پر عمل کریں۔ نیو یارک میں عموما امیدوار کے نام کے برابر دائرے ہوتے ہیں جن کو بھرنا پڑتا ہے۔

اگر آپ عہدوں کی کثرت سے پریشان ہوں، آپ صرف ان عہدوں کے لیے بھی ووٹ ڈال سکتے ہیں جو آپ کے لیے اہم ہیں۔ آپ کا ووٹ تب بھی شمار کیا جائے گا۔

آپ کی بیلٹ اپنی سیاسی تنظیم اور ڈسٹرکٹ کے لیے مخصوص ہے۔ مندرجہ ذیل ویب سائٹ پر ایڈریس لکھنے سے آپ اپنی بیلٹ کو پہلے سے دیکھ سکتے ہیں تاکہ الکشن ڈے پر معلوم ہو کہ کیا لکھا ہوا ہوگا۔
https://vote.nyc/page/understanding-ballot

# ٹ — میں کب اور کیسے ووٹ ڈال سکتا ہوں؟

اگر آپ ۱۸ برس کی عمر سے تجاوز کر چکے ہیں، امریکی سٹیزن اور نیو یارک کے شہری ہیں، پھر آپ ان تین طریقوں سے ووٹ ڈالنے کے لیے رجسٹر کر سکتے ہیں:

۱۔ رجسٹریشن فارم ڈاونلوڈ کر کے اسے میل کرنا
۲۔ کسی نیو یارک بورڈ آف الیکشنز جانا
۳۔ مندرجہ ذیل آن لائن فارم بھر کے۔
https://vote.nyc/page/register-vote

## اہم تاریخیں

- ووٹ ڈالنے کے لیے رجسٹریشن کا آخری دن: ۹ اکتوبر
- میل کرنے کے لیے بیلٹ منگانے کا آخری دن: ۲۷ اکتوبر
- ایرلی ووٹنگ پیریڈ: ۲۴ اکتوبر (ہفتہ) سے لے کر یکم نومبر (اتوار) تک
- ووٹ ڈالنے کا آخری دن: ۳ نومبر (منگل)۔

اس الیکشن کے بعد ۲ نومبر ۲۰۲۱ کو میئر، ٤ قصبہ صدور، اور ۳۵ کونسل اراکین کے لیے انتخابات ہوں گے۔[10, 11]

## بذات خودِ ووٹ ڈالنا

مندرجہ ذیل ویب سائٹ پر معلومات لکھ کر آپ معلوم کر سکتے ہیں کہ آپ کہاں ووٹ ڈال سکتے ہیں:
https://voterlookup.elections.ny.gov/

الکشن ڈے کے مجمعے سے بچنے کے لیے آپ ۲۴ اکتوبر (ہفتہ) یا یکم نومبر (اتوار) کو ووٹ ڈال سکتے ہیں۔ یہ تاریخیں بدل سکتی ہیں لہذا مذکورہ بالا ویب سائٹ پر کرونا کے متعلق احکام دیکھتے رہیے۔

## میل سے ووٹ ڈالنا

آپ ۲۷ اکتوبر سے پہلے مندرجہ ذیل ویب سائٹ کے ذریعے بیلٹ طلب کر سکتے ہیں:
https://vote.nyc/page/absentee-voting

۳ نومبر تک بیلٹ کو میل کرنے کی گنجائش ہے۔ عالمی وبا کے دوران یہ خطرے سے محفوظ ذریعہ ہے ووٹ ڈالنے کا۔

اگر آپ کو مدد چاہیے آپ امریکن پاکستانی ایڈووکیسی سے رابطہ قائم کر سکتے ہیں: 1 833 321 2724

## ث — ووٹ ڈالنے کے بعد میں حصہ کیسے لے سکتا/سکتی ہوں؟

ایک فرض شناس سٹیزن ہوتے ہوئے آپ اپنے منتخب لیڈروں سے رابطہ قائم رکھ سکتے ہیں۔ خط و کتابت، ای میل اور فون کے ذریعے سے آپ ان افسروں تک اپنے مثبت اور منفی خیالات پہنچا سکتے ہیں۔ آپ آئندہ کے انتخابات کے لیے بھی امیدواروں کے متعلق تحقیق کر سکتے ہیں۔

اگر آپ کو بھی دلچسپی اور شوق ہو، آپ بھی انتخابات لڑ سکتے ہیں۔

آپ مزید اپنے لوکل کمیونٹی بورڈ میں شریک ہو سکتے ہیں۔ یہ ایک علاقائی تنظیم ہوتی ہے جو ہر محلے کی فنڈنگ، حلقہ بندی اور ڈویلوپمنٹ کے متعلق کافی اثر رکھتی ہے۔ آپ اپنے محلے کی لوکل کمیونٹی بورڈ یہاں ڈھونڈ سکتے ہیں۔
https://on.nyc.gov/3jxsmyB

---

اس دستاویز کو امریکن پاکستان فاونڈیشن کے اراکینِ نیو یارک نے تیار کیا۔

# اپنی آواز اٹھاؤ!


حوالہ جات:

1. https://on.nyc.gov/3jvIHUs
2. https://www.pubadvocate.nyc.gov/about#duties-of-the-office/
3. https://www.britannica.com/topic/comptroller
4. https://ballotpedia.org/Borough_president
5. https://council.nyc.gov/about/
6. https://en.wikipedia.org/wiki/State_supreme_court7.
7. http://www.nycourts.gov/courts/nyc/surrogates/index.shtml
8. https://bit.ly/31B0OlA
9. https://en.wikipedia.org/wiki/District_attorney
10. https://bit.ly/31xTZB5
11. https://www.ourcampaigns.com/RaceDetail.html?RaceID=896331


**AMERICAN PAKISTAN FOUNDATION**